# چھٹی زیارت امام حسینؑ

امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ آپ نے عمار ساباطی سے ارشاد فرمایا کہ جب تم امام حسینؑ کی ضریح مبارک کے پاس پہنچو تو یہ زیارت پڑھو:

**اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَابْنَ رَسُولِ اللهِ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَابْنَ أَمِیرِ الْمُؤْمِنِینَ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا أَبا عَبْدِ**

آپ پر سلام ہو اے رسولؐ خدا کے فرزند آپ پر سلام ہو اے امیر المومنینؑ کے فرزند آپ پر سلام ہو

**اللهِ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا سَیِّدَ شَبابِ أَهْلِ الْجَنَّةِ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَکاتُهُ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ رِضاهُ**

اے ابو عبداللہ آپ پر سلام ہو اے جنت کے جوانوں کے سردار خدا کی رحمت ہو اور اس کی برکات ہوں

**مِنْ رِضَی الرَّحْمٰنِ وَسَخَطُهُ مِنْ سَخَطِ الرَّحْمٰنِ اَلسَّلامُ عَلَیْکَ یَا أَمِینَ اللهِ، وَحُجَّةَ اللهِ، وَبابَ اللهِ،**

آپ پر سلام ہو اے خدا کی رضا سے راضی اور خدا کی ناراضگی میں ناراض ہونے والے آپ پر سلام ہو اے خدا کے امانتدار

**وَالدَّلِیلَ عَلَی اللهِ، وَالدَّاعِیَ إِلَی اللهِ، أَشْهَدُ أَنَّکَ قَدْ حَلَّلْتَ حَلالَ اللهِ، وَحَرَّمْتَ حَرامَ اللهِ،**

خدا کی حجت دروازہ خدا کی طرف لے جانے والے اور خدا کی طرف بلانے والے میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے حلال خدا کو حلال بتایا اور حرام

**وَأَقَمْتَ الصَّلاةَ وَآتَیْتَ الزَّکاةَ، وَأَمَرْتَ بِالْمَعْرُوفِ، وَنَهَیْتَ عَنِ الْمُنْکَرِ، وَدَعَوْتَ إِلَی سَبِیلِ**

خدا کو حرام قرار دیا آپ نے نماز قائم کی زکوٰۃ دی ہے آپ نے نیک کاموں کا حکم دیا اور برے کاموں سے منع فرمایا آپ نے اپنے رب کے راستے کی

**رَبِّکَ بِالْحِکْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَأَشْهَدُ أَنَّکَ وَمَنْ قُتِلَ مَعَکَ شُهَداءُ أَحْیاءٌ عِنْدَ**

طرف دانشمندی اور بہترین نصیحت کے ساتھ دعوت دی میں گواہی دیتا ہوں کہ جو افراد آپ کے ساتھ قتل ہوئے وہ شہید ہیں رب کے ہاں زندہ ہیں رزق

**رَبِّکُمْ تُرْزَقُونَ، وَأَشْهَدُ أَنَّ قاتِلَکَ فِی النَّارِ، أَدِینُ اللهَ بِالْبَرائَةِ مِمَّنْ قَتَلَکَ وَمِمَّنْ قاتَلَکَ**

پاتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ کے قاتل جہنم میں ہیں میں خدا کے دین پر ہوں اس سے بیزار ہوں جس نے آپکو قتل کیا جو آپ سے لڑا آپ

**وَشایَعَ عَلَیْکَ وَمِمَّنْ جَمَعَ عَلَیْکَ، وَمِمَّنْ سَمِعَ صَوْتَکَ وَلَمْ یُعِنْکَ، یَا لَیْتَنِی کُنْتُ**

کے دشمنوں کے ساتھ رہا جس نے آپ پر چڑھائی کی اور وہ بھی جس نے آپ کی پکار سنی اور آپ کی مدد نہ کی اے کاش کہ میں

**مَعَکُمْ فَأَفُوزَ فَوْزاً عَظِیماً.** مؤلف کہتے ہیں کہ یہ زیارت مزار ابن قولویہ سے نقل کی گئی ہے۔

آپکے ساتھ ہوتا اور عظیم کامیابی حاصل کرتا۔

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com